روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 13 اگست 2005ء 7 رجب 1426 ہجری 13 ظہور 1384 ھش جلد 14 نمبر 120

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حقیقی پاکی تب حاصل ہوتی ہے جب انسان گندی زندگی سے توبہ کر کے ایک پاک زندگی کا خواہاں ہو۔ اور اس کے حصول کے لئے صرف تین باتیں ضروری ہیں۔ ایک تدبیر اور مجاہدہ کہ جہاں تک ممکن ہو گندی زندگی سے باہر آنے کے لئے کوشش کرے۔ اور دوسری دعا کہ ہر وقت جناب الٰہی میں نالاں رہے۔ تا وہ گندی زندگی سے اپنے ہاتھ سے اس کو باہر نکالے اور ایک ایسی آگ اس میں پیدا کرے جو بدی کے خس و خاشاک کو بھسم کر دے اور ایک ایسی قوت عنایت کرے جو نفسانی جذبات پر غالب آ جاوے اور چاہئے کہ اسی طرح دعا میں لگا رہے جب تک کہ وہ وقت آ جاوے کہ ایک الٰہی نور اس کے دل پر نازل ہو اور ایک ایسا چمکتا ہوا شعاع اس کے نفس پر گرے کہ تمام تاریکیوں کو دور کر دے اور اس کی کمزوریاں دور فرمائے اور اس میں پاک تبدیلی پیدا کرے۔ کیونکہ دعاؤں میں بلاشبہ تاثیر ہے۔ اگر مردے زندہ ہو سکتے ہیں تو دعاؤں سے اور اگر اسیر رہائی پا سکتے ہیں تو دعاؤں سے اور اگر گندے پاک ہو سکتے ہیں تو دعاؤں سے۔ مگر دعا کرنا اور مرنا قریب قریب ہے۔ تیسرا طریق صحبت کاملین اور صالحین ہے۔ کیونکہ ایک چراغ کے ذریعہ سے دوسرا چراغ روشن ہو سکتا ہے۔ غرض یہ تین طریق ہی گناہوں سے نجات پانے کے ہیں۔ جن کے اجتماع سے آخر کار فضل شامل حال ہو جاتا ہے۔

(لیکچر سیالکوٹ، روحانی خزائن جلد 20 ص 234)

جب تک انسان موت کا احساس نہ کرے وہ نیکیوں کی طرف جھک نہیں سکتا۔ میں نے بتلایا ہے کہ گناہ غیر اللہ کی محبت دل میں پیدا ہونے سے پیدا ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ دل پر غلبہ کر لیتا ہے۔ پس گناہ سے بچنے اور محفوظ رہنے کیلئے یہ بھی ایک ذریعہ ہے کہ انسان موت کو یاد رکھے اور خدائے تعالیٰ کے عجائبات قدرت میں غور کرتا رہے کیونکہ اس سے محبت الٰہی اور ایمان بڑھتا ہے اور جب خدائے تعالیٰ کی محبت دل میں پیدا ہو جائے تو وہ گناہ کو خود جلا کر بھسم کر جاتی ہے۔

دوسرا ذریعہ گناہ سے بچنے کا احساس موت ہے۔ اگر انسان موت کو اپنے سامنے رکھے تو وہ ان بدکاریوں اور کوتاہ اندیشیوں سے باز آ جائے اور خدا تعالیٰ پر اسے ایک نیا ایمان حاصل ہو اور اپنے سابقہ گناہوں پر توبہ اور نادم ہونے کا موقعہ ملے۔ انسان عاجز کی ہستی کیا ہے؟ صرف ایک دم پر انحصار ہے۔ پھر کیوں وہ آخرت کا فکر نہیں کرتا اور موت سے نہیں ڈرتا اور نفسانی اور حیوانی جذبات کا مطیع اور غلام ہو کر عمر ضائع کر دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 34)

## عقل مند وہ ہے

حضرت شداد بن اوسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔
عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتا رہے اور موت کے بعد کی زندگی کیلئے عمل کرے اور عاجز وہ ہے جو اپنے نفس کی خواہشات کی پیروی اور اللہ تعالیٰ سے اپنی آرزوؤں کی تکمیل کا خواہش مند رہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزہد حدیث نمبر:2383)

## عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات گندم کھاتہ نمبر 326-3/4550 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

## باپ کی نعمت اور یتیمی کا درد

حضرت شیخ سعدیؒ کہتے ہیں کہ

مجھے یاد ہے کہ جب میں بچہ تھا اور اپنا سر باپ کی آغوش میں رکھتا تھا تو میری قدر و منزلت بادشاہوں جیسی ہوتی تھی۔ اگر میرے جسم پر ایک مکھی تک بیٹھ جاتی تو سب گھر والے پریشان ہو جاتے تھے۔ جب بچپن ہی میں میرے سر پر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا تو مجھے بچوں کے درد کی خبر ہوئی۔ یہ درد وہی جان سکتا ہے جس کو یتیمی کا داغ لگا ہو۔ اے دوست جس بچے کا باپ مر گیا ہو اس کے سر پر ہاتھ رکھ اس کے چہرے سے گرد پونچھ اور اس کے پاؤں سے کانٹا نکال۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ اس پر کیسی بپتا پڑی ہے۔ بے جڑ کا درخت ہرگز تازہ نہیں ہوتا۔ جب تو کسی یتیم کو اپنے سامنے سر ڈالے دیکھے تو اپنے فرزند کے رخسار پر بوسہ نہ دے۔ یتیم اگر روتا ہے۔ تو اس کا ناز کون اٹھاتا ہے۔ اگر وہ غصہ کرتا ہے۔ تو اس کو کون برداشت کرتا ہے۔

خبردار! یتیم رو نہ پڑے کہ اس کے رونے سے عرش الٰہی کانپ جاتا ہے۔ محبت سے اس کی آنکھ سے آنسو پونچھ دے اور مہربانی سے اس کے چہرہ سے خاک جھاڑ دے اگر اس کے سر سے سایہ اٹھ گیا تو تو اپنے سائے میں اس کی پرورش کر۔''

(حکایات سعدی ص 75 مرتبہ طالب ہاشمی شعاع ادب لاہور)

ان یتیموں کے سر پر ہاتھ رکھنے کیلئے کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ سے رابطہ کریں۔

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ۔ دارالضیافت ربوہ)

مشعل راہ

# مانگنے سے بہتر ہے کہ جو کام ملے کر لیا جائے

محلّہ والوں کا فرض ہے کہ دیکھیں ان کا کوئی ہمسایہ بھوکا نہ رہے اور ننگا نہ ہو مگر اس ذمہ داری کے ساتھ ایک اور امر بھی ہے جس کی طرف توجہ کرنا ضروری ہے بہت لوگ ایسے ہوتے ہیں جو یہ دیکھ کر کہ کھانے اور کپڑوں کی ذمہ داری دوسروں پر ہے سست ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگ محنت اس وقت کرتے ہیں جب دیکھیں کہ ذمہ داری ہم پر ہے اس لئے جب یہ اہتمام کیا جائے کہ سب کے کھانے پینے کی ذمہ داری محلّہ والوں پر ہو وہاں ان کا یہ بھی فرض ہوگا کہ دیکھیں ایسے لوگ سست نہ ہوں۔ بعض لوگ کہہ دیتے ہیں کہ کام نہیں ملتا اور اس کی تشریح کرائی جائے تو معلوم ہوگا کہ ان کے حسب منشاء کام نہیں ملتا حالانکہ سائل ہونے سے بہتر ہے کہ جو کام بھی ملے کر لیا جائے۔ مثلاً ایک وکیل کو اگر وکالت کا کام نہ ملے اور وہ ٹوکری ڈھونے لگ جائے تو یہ اس کی شرافت کی دلیل ہو گی اور اس میں کوئی ذلت نہیں۔ نکمے بیٹھنے کی بجائے اگر وہ حلال روزی ٹوکری ڈھو کر کمائے گا تو اس کے محلّہ والوں میں سے ہی کئی اسے اس سے اچھی نوکری دینے پر آمادہ ہو جائیں گے۔ پہلے تو لوگ شرم کی وجہ سے نہیں کہتے کہ آپ یہ معمولی نوکری کر لیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں دوسرا اسے ہتک نہ سمجھے۔ جیسے بعض خاندان بڑے سمجھے جاتے ہیں ان کی لڑکیوں کے رشتے کے لئے کوئی اس خوف سے پوچھتا ہی نہیں کہ ایسا نہ ہو ناراض ہو جائیں۔ اسی طرح ایک وکیل کو کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ آپ میری دکان پر پندرہ روپے کی نوکری کر لیں لیکن اگر وہ مزدوری کرنے لگ جائے تو دوسرا شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ آپ یہ کام کیوں کرتے ہیں میرے پاس پندرہ روپے کی جگہ ہے۔ پھر ممکن ہے دوسرا پچیس روپیہ ماہوار پیش کردے کہ میری دکان پر آ جاؤ، تیسرا اس سے بھی زیادہ دینے پر تیار ہو جائے اور اس طرح ممکن ہے کہ وہ سو ڈیڑھ سو روپیہ تک جا پہنچے۔ جو شخص گھر میں بھوکا پڑا رہے وہ جسمانی موت کے لئے تیار ہو جاتا ہے اور جو دست سوال دراز کرے وہ اخلاقی موت مرتا ہے لیکن جب دونوں صورتیں نہ ہوں تو دنیا ایسے شخص کو عزت دیتی ہے۔

میرے پاس کئی ایسے لوگ آتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کام کیوں نہیں کرتے؟ وہ کہتے ہیں ملتا نہیں اور اگر بتایا جائے کہ فلاں کام ہے تو کہیں گے کہ اس میں تو پندرہ روپے ملتے ہیں۔ انہیں یہ سمجھ ہی نہیں آتا کہ پندرہ روپے صفر سے تو بہرحال زیادہ ہیں۔ وہ گریجوایٹ ہوں گے، مولوی فاضل ہوں گے، اچھے پڑھے لکھے اور عالم ہوں گے، مگر یہ بات ان کی سمجھ میں نہیں آئے گی کہ صفر سے پندرہ بہتر ہیں۔ حالانکہ اگر ایک خالی ہاتھ ہو اور دوسرے شخص کے ہاتھ میں گنڈیری ہو تو ایک نادان بچہ بھی فرق محسوس کرتا ہے لیکن یہ لوگ ایسے احمق ہوتے ہیں کہ دس یا پندرہ یا صفر میں فرق نہیں کرتے بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ ایک روپیہ بھی صفر سے بہتر ہے۔

(خطبات محمود جلد 15 ص 253)

# وہ دل میں رہتا تھا

وہ دور تھا مگر قلب و نظر میں رہتا تھا
وہ چشمِ ہوش میں وہ چشمِ تر میں رہتا تھا

ساعتوں میں وہی جاگزیں تھا صبح و شام
وہ دل میں رہتا تھا جان و جگر میں رہتا تھا

میں اس کو ساتھ لئے پھر رہا تھا ہر جانب
میں گھر میں ہوتا تھا وہ میرے گھر میں رہتا تھا

وہ صبح و شام تھا شامل مری عبادت میں
مرے وجود کے شام و سحر میں رہتا تھا

مرے خیال کی جولانیوں میں تھا موجود
وہ میری سوچ کی ہر ہر لہر میں رہتا تھا

مرے قیام میں ہوتا تھا میرے ساتھ مکیں
وہ میرے ساتھ مرے ہر سفر میں رہتا تھا

میں اس کو ڈھونڈنے جاؤں کہاں تلاش کروں
مرے وجود کے وہ بحر و بر میں رہتا تھا

میں اس کے سامنے پھر کیوں رہوں نہ دست بستہ
مرے بطون کے محراب و در میں رہتا تھا

میں اس کی ذات کا حصہ تھا لازماً حامدؔ
وہ میری ذات کے کسب و ہنر میں رہتا تھا

**حمید المحامد حامد**

## درخواست دعا

مکرم ڈاکٹر محمد شفیق صاحب فیصل آباد تحریر کرتے ہیں کہ میری اہلیہ محترمہ آنسہ شفیق صاحبہ بنت مکرم چوہدری محمد اسلم صاحب کی گھر میں گرنے کی وجہ سے گھٹنے کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔ احباب سے ان کی شفائے کاملہ و عاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔ موصوفہ حضرت مولانا عبدالرحیم درد صاحب کی نواسی ہیں۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

# پھول دار پودے اور جھاڑیاں

## گل مہر
(Poinciana)

اس پودے کا قد پندرہ بیس فٹ اونچا ہوتا ہے۔ گل مہر مارچ سے مئی کے دوران پھول دیتا ہے۔ موسم گرما کا آغاز ہوتے ہی گل مہر کے پھولوں کی بہار ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے پھولوں کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ یہ بھی جھاڑی نما پودا ہے اور سال کے سال کاشت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ سدا بہار پودا عرصے تک قائم رہتا ہے اور کثیر تعداد میں پھول بھی پیدا کرتا ہے۔ گل مہر کے جھاڑی نما پودے پنجاب میں اکثر کاشت کئے جاتے ہیں۔

## چیل باٹل برش
(Bottle Brush)

یہ پودے زیادہ تر گھریلو باغیچوں میں کاشت کئے جاتے ہیں۔ چیل باٹل برش کی زیادہ سے زیادہ بلندی پچیس فٹ ہوتی ہے۔ اس سے زیادہ بلند پودے کم دیکھنے میں آتے ہیں۔ مارچ اور اگست کے دوران اس پودے پر قرمزی رنگ کے پھول آتے ہیں۔ یہ دیدہ زیب اور خوشنما پھول گھریلو باغیچے کے حسن میں اضافہ کردیتے ہیں۔ یہ پودا سخت جان ہے اور ناخوشگوار موسمی حالات کا مقابلہ کرسکتا ہے۔ ان پودوں میں زیادہ عرصے تک پھول پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔

## فانوس
(Kigalia)

یہ بڑی قد وقامت کا پودا ہے۔ بعض اوقات اس پودے کی بلندی پچاس فٹ تک پہنچ جاتی ہے اور یہ بڑا قد آور درخت نظر آتا ہے۔ اس پودے کو سرخ رنگ کے گھنٹی نما پھول لگتے ہیں۔ فانوس کا پودا زیادہ تر سایہ دار جگہوں پر کاشت کیا جاتا ہے۔ اگر اس پودے کو نمی میسر ہو تو اس کی بڑھوتری کی رفتار بڑھ جاتی ہے۔ اس کے درمیانہ قد کے پودے بھی ہوتے ہیں۔ فانوس ایک سدا بہار پودا ہے جسے سال کے سال کاشت کرنے کی ضرورت نہیں۔ ایک بار بویا ہوا پودا کئی سال پھول دیتا ہے۔

## مخروطی سرو
(Cupressus)

اس کی شکل بڑی حد تک سرو سے ملتی ہے۔ یہ مخروطی شکل کا سیدھا بڑھنے والا پودا ہے۔ اگر اس پودے کی مکمل نگہداشت کی جائے تو اس کی بلندی پچاس فٹ تک ہو جاتی ہے۔ یہ پودے زیادہ تر بڑی کوٹھیوں، مکانوں اور باغات میں لگائے جاتے ہیں۔ مخروطی سرو کے پودے پرانے مغل بادشاہوں کے باغات میں اب بھی نظر آتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی بڑا باغ اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک اس میں مخروطی سرو کاشت نہ کیا جائے۔ اگر جگہ زیادہ ہو تو مخروطی سرو کی کاشت سے گھریلو باغیچوں کی رونق بڑھائی جاسکتی ہے۔

## نیلم
(Blue Gul Mohr)

نیلم اگرچہ ایک جھاڑی نما اور سدا بہار پودا ہے مگر اس کا قد دوسرے جھاڑی نما پھولدار پودوں سے چھوٹا ہوتا ہے۔ نیلم کے خوشنما پھولوں کے علاوہ اس کے پتے بھی بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ اس کا نام نیلم ہیرے کے نام پر رکھا گیا ہے۔ اس پودے کو نیلے رنگ کے پھول لگتے ہیں۔ نیلم کا پودا اگر ایک بار بو یا جائے تو یہ سدا بہار پودا کئی سال پھول دیتا ہے۔ زیادہ عمر ہونے کے باوجود اس پودے میں پھول پیدا کرنے کی صلاحیت کم نہیں ہوتی بلکہ بعض حالات میں پھول پیدا کرنے کی صلاحیت مزید بڑھ جاتی ہے۔

## سراکا انڈیکا
(Saraca Indica)

بعض علاقوں میں اس پودے کو اشوک درخت بھی کہا جاتا ہے۔ یہ پودا پاکستان سے زیادہ بھارت میں کاشت ہوتا ہے۔ سراکا انڈیکا کی زیادہ سے زیادہ بلندی 25 فٹ ہوتی ہے۔ اس درخت پر جنوری اور مئی کے دوران پھول آتے ہیں جن کا رنگ سرخ مالٹے جیسا ہوتا ہے۔ یہ بہت زیادہ پھول دینے والا پودا ہے۔ جب موسم پورے شباب پر ہوتا ہے تو سراکا انڈیکا کا سارا پودا پھولوں سے بھر جاتا ہے۔ اس کے پھول بڑے خوشنما دکھائی دیتے ہیں۔ سدا بہار ہونے کے باعث سراکا انڈیکا ہر سال کاشت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ گھریلو باغیچے میں لگا ہوا پودا کئی سال تک پھول دیتا ہے۔

## ریٹھا
(Soap Nut)

ریٹھا پنجاب کا ایک مقبول پودا ہے جس کا پھل کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔ اسے پانی میں ڈالنے سے صابن کی طرح جھاگ پیدا ہوتا ہے جو کپڑوں کو منٹوں میں صاف کردیتا ہے۔ عموماً گرم کپڑے ریٹھوں سے دھوئے جاتے ہیں۔ ریٹھے سے گرم کپڑا دھونے سے وہ سکڑتا نہیں۔ اس افادیت کے علاوہ ریٹھا ایک سایہ دار درخت ہے۔ یہ پودا اپنے گہرے سفید پتوں کے باعث مقبول ہے۔ موسم بہار میں ریٹھے کے پودے کو سرخ رنگ کے خوبصورت پھول لگتے ہیں۔ ریٹھا کئی سال تک پھولوں کی بہار دیتا ہے۔ اس سے بیک وقت تین فوائد حاصل کئے جاتے ہیں۔ پہلا فائدہ یہ ہے کہ ریٹھا ایک سایہ دار درخت ہے۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ ریٹھے کے پھل سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ اس کی تیسری افادیت یہ ہے کہ یہ ایک آرائشی پودا ہے۔

## دھاؤ
(Copper Tree)

یہ چھوٹے قد کا پودا ہے جس کی چھال دیکھنے میں سنہری نظر آتی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے قدرت نے اس درخت کی چھال پر سونا بکھیر دیا ہو۔ دھاؤ بڑا خوشنما پودا ہے جسے پورے پنجاب میں کاشت کیا جاتا ہے۔ دھاؤ کے پتے موسم گرما شروع ہوتے ہی گرنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اگست اور ستمبر کے دوران پودے پر پھول آتے ہیں جس سے یہ اور بھی خوبصورت نظر آتا ہے۔

# چند مفید نسخے
(ماخوذ)

## ہونٹوں کی سیاہی دور کرنا

ہونٹوں کی سیاہی دور کرنے کے لیے کیلے کے چھلکے کے اندر کے حصے کو کھرچ لیں اور ایک چمچ لیموں کا رس لے کر ہونٹوں پر پانچ منٹ تک لگا رہنے دیں۔ دو مرتبہ ہفتے میں یہی عمل دہرائیں۔ آپ دیکھیں گے کہ سیاہی دور ہوکر ہونٹ سرخی مائل نظر آنے لگیں گے۔

## کولڈ کریم خراب ہو تو

اگر کولڈ کریم خشک ہوجائے تو اس میں چند قطرے لیموں کا رس ڈال کر ملا دیں۔ کولڈ کریم اصلی شکل میں واپس آجائے گی۔

## دہی کی کڑھی لگنے سے بچائیں

دہی کی کڑھی بناتے وقت پتیلی میں مسلسل چمچہ چلانا پڑتا ہے۔ اس سے بچنے کے لیے مٹی کی پیالی کے بیچ میں ایک سوراخ کرلیں پھر اسے پتیلی کے اندر الٹا رکھ دیں۔ دہی کی کڑھی میں نہ چمچہ چلانا پڑے گا اور نہ وہ نیچے پتیلی میں لگے گی۔

## تربوز کے چھلکوں کا سفوف

اگر آپ تربوز کے چھلکے سکھا کر انہیں پیس لیں تو آپ دالیں پکاتے وقت ان میں سوڈا بائی کاربونیٹ ڈالنے کی بجائے تربوز کے چھلکوں کا سفوف استعمال کرسکتے ہیں۔

## یادداشت کی کمزوری

بعض لوگوں کو یادداشت میں کمی کا روگ لگ جاتا ہے جس سے بعض اوقات بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ علاج یہ ہے کہ تین ماشے دارچینی روزانہ کھائیں اس سے حافظہ بہتر ہوگا اور یادداشت کی خرابی کا مرض جاتا رہے گا۔

## بال پوائنٹ کا داغ صاف کرنا

اکثر مردانہ یا بچوں کے کپڑوں پر بال پن کا داغ لگ جائے تو جو آسانی سے نہیں اترتا۔ اس کی آسان ترکیب یہ ہے کہ جس کپڑے پر داغ لگا ہو اس کے نیچے اخبار رکھ کر داغ پر تھنر (Thinner) میں روئی بھگو کر رکھ دیں جو عام ہارڈ ویئر والوں سے ملتا ہے۔ داغ فوراً پھیل کر اخبار میں جذب ہوجائے گا۔ بعد میں کپڑے کو اچھی طرح سے دھولیں۔

## چائے کا داغ صاف کریں

جس کپڑے پر چائے کا دھبہ لگا ہو اسے سپرٹ میں اچھی طرح ڈبو کر خشک ہونے کے لیے رکھ دیں۔ جب کپڑا خشک ہوجائے تو اسے نیم گرم پانی اور کپڑے دھونے والے صابن کے ساتھ اچھی طرح رگڑ کر دھو لیں۔ دھبہ صاف ہوجائے گا۔

## پسے مسالے زیادہ عرصہ محفوظ رکھنا

پسے مسالہ جات زیادہ عرصہ تک صحیح رکھنے کے لئے ان میں ہینگ کا ٹکڑا رکھ دینے سے وہ زیادہ عرصے تک کارآمد رہتے ہیں۔

## عام برتن چپچپاہٹ سے پاک

کسی عام برتن کو چپچپانے سے محفوظ رکھنے کے لیے اس میں تھوڑا سا نمک ڈال کر دو منٹ گرم کریں اور پھر نمک جھاڑ دیں۔

## ناریل کا تیل

اکثر ناریل کا تیل سردی کی وجہ سے جم جاتا ہے جو پریشانی کا باعث بنتا ہے اور فوری استعمال میں نہیں آتا۔ اگر ناریل کے تیل میں آٹھ دس قطرے کیسٹر آئل کے ملا دیے جائیں تو تیل نہیں جمے گا۔

## سردیوں میں دہی جمانا

گرم دودھ میں دہی کا جاگ لگاتے وقت دو عدد ہری مرچیں درمیان سے لمبائی کے رخ کاٹ کر دودھ میں شامل کردیں۔ پھر برتن کو گرم کپڑے میں لپیٹ کر چھ سات گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ دہی گاڑھا اور میٹھا جمے گا۔

نوٹ:۔ دہی استعمال کرنے سے قبل ہری مرچیں نکال لیں۔ (اردو ڈائجسٹ مارچ 2005)

ملکی اخبارات سے

# خبریں

## کروز میزائل بابر کا کامیاب تجربہ

پاکستان نے اپنے پہلے کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کر لیا ہے۔ یہ میزائل زمین، آبدوز، بحری و ہوائی جہاز سے فائر کیا جا سکتا ہے۔ 500 کلومیٹر تک ایٹمی و روایتی ہتھیار لے جانے والا میزائل زمین کی سطح کے ساتھ پرواز کرتا ہے۔ صدر پرویز مشرف نے کہا ہے کہ سائنسدانوں نے پاکستانی دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا ہے اور ہم خطے میں ابھرنے والے نئے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں

## کاشتکاروں میں زمین کی تقسیم

وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ حکومت 16۔ارب روپے کی 80 ہزار ایکڑ زمین مستحق اور بے زمین کاشتکاروں کو مفت تقسیم کر رہی ہے۔ ایک ہزار سے زائد خاندان مستفید ہوں گے۔ فی خاندان ساڑھے بارہ ایکڑ حصے میں آئے گی۔ کسانوں کو بجلی کے میٹر دینے کیلئے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی کے طور پر واپڈا کو ادا کر دیئے ہیں۔

## ایران جوہری سرگرمیاں فی الفور روک دے

یورپی یونین نے جوہری توانائی کی عالمی ایجنسی کے بورڈ آف گورنرز میں نئی تحریک پیش کر دی ہے جس میں ایران سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ایٹمی سرگرمیاں فوری طور پر روک دے۔ چین نے ایران کے ایٹمی معاملے کو اقوام متحدہ میں لے جانے کی مخالفت کی ہے۔ تحریک میں کہا گیا ہے کہ خدشہ ہے کہ یورینیم کی افزودگی شروع کر دی گئی ہے اور ایران ایٹمی ہتھیار بنا سکتا ہے۔

## ایران کے بحران پر ثالثی کیلئے پاکستان رضامند

پاکستان ایران اور امریکہ کے درمیان بحران کو ختم کرنے کے سلسلہ میں ثالثی کرے گا قریبی اتحادی ہونے کی وجہ سے پاکستان نے واشنگٹن اور تہران میں مصالحت کرانے کی درخواست قبول کر لی ہے۔ اسلام آباد نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ وہ ایٹمی پروگرام پر ایران امریکہ تنازع کا پر امن حل چاہتا ہے اور وہ اس معاملہ کے حل کیلئے طاقت کے استعمال کی مخالفت کرے گا۔

## لیہ خوشاب بھکر کو آفت زدہ قرار دیا گیا

حکومت نے سیلاب سے متاثرہ 3 اضلاع کے 110 دیہاتوں کو آفت زدہ قرار دے دیا ہے ان علاقوں کے مالیہ، آبیانہ، زرعی ٹیکس مقامی ٹیکس اور بینکوں کے حاصل کئے گئے قرضہ جات مؤخر کر دیئے جائیں گے۔

## ضلعی حکومتوں کی صحت کی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکامی

حکومت نے پنجاب رورل سپورٹ پروگرام (PRSP) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے لاہور سمیت دیگر آٹھ اضلاع میں عوام کو صحت عامہ کی سہولتیں فراہم نہ کرنے اور لاگت میں مسلسل اضافہ ہونے پر وضاحت طلب کر لی۔ آٹھ اضلاع رحیم یار خان، چکوال، وہاڑی، لاہور، فیصل آباد، ساہیوال، قصور اور میانوالی کی ضلعی حکومت کے زیر اہتمام بنیادی صحت مراکز ڈسپنسریاں ان سے واپس لے کر PRSP کے حوالے کیں ان کا بجٹ بھی ان کے سپرد کر دیا گیا۔

## تھانہ کلچر کی تبدیلی کا عمل شروع

آئی جی پنجاب نے مصطفیٰ آباد ضلع قصور کے تھانہ کی افتتاحی تقریب میں کہا کہ محکمہ پولیس کی طرف سے پنجاب کے 35 اضلاع کے تمام تھانہ جات کو کمپیوٹرائزڈ کرنے کا پروگرام ہے جس میں مواد اردو، انگلش دونوں زبانوں میں محفوظ کیا جا سکے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اپنے دفتر میں FIR کو چیک کر سکے گا۔ شروع میں قصور کے تھانہ جات کو بطور ماڈل تیار کیا ہے۔

## شاعر مشرق کی رہائش گاہ کھنڈر بن گیا

علامہ اقبال میوزیم لاہور کھنڈرات میں تبدیل ہو گیا۔ قیمتی نوادرات چوری ہو گئے۔ عملہ غائب ہو گیا۔ جس درخت کے نیچے بیٹھ کر بانگ درا لکھی تھی اسے کاٹ کر رکشہ سٹینڈ بنا دیا گیا مین گیٹ کے سامنے گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ علامہ اقبال 1938ء تک یہاں مقیم رہے تھے۔ 1977ء میں محکمہ آثار قدیمہ نے اسے اقبال میوزیم کا درجہ دیا تھا۔

## افغانستان میں امریکی طیاروں کی گاؤں پر بمباری

امریکی طیاروں کی ایک گاؤں پر بمباری سے تین دیہاتی ہلاک اور 6 زخمی ہو گئے۔ امریکی حکام نے وضاحت کی ہے کہ زابل کے گاؤں مارہ میں غلطی سے بمباری کی۔

## متحدہ عرب امارات نے ویزے کی مدت 6 ماہ کر دی

متحدہ عرب امارات نے سیاحتی ویزے کی مدت میں توسیع کرتے ہوئے اسے تین ماہ سے چھ ماہ تک بڑھا دیا۔ نئے قانون کے تحت مسلسل قیام کے خواہشمند حضرات سے 1800 درہم وصول کئے جائیں گے۔

## شین وارن کی 600 وکٹیں

آسٹریلوی مایہ ناز لیگ سپن باؤلر شین وارن نے 126 ویں ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کے اوپننگ بیٹسمین ٹریسکو تھک کو آؤٹ کر کے 600 وکٹیں حاصل کر لیں۔ وہ دنیا کے پہلے باؤلر ہیں جنہوں نے یہ اعزاز حاصل کیا۔

## القاعدہ کے دو مزید افراد گرفتار

القاعدہ سے تعلق کے الزام میں گرفتار اسامہ بن یوسف کی نشاندہی پر مزید دو افراد کو فیصل آباد سے حراست میں لے لیا گیا۔ یہ کارروائی تفتیش کے دوران ملنے والی معلومات پر حساس اداروں نے کی۔

## ہوائی چکیوں کے ذریعہ بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ

وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور محکمہ موسمیات کی جانب سے ہوائی چکیوں سے بجلی پیدا کرنے کے سلسلے میں اپنے جاری مشترکہ تحقیقاتی منصوبے کے ضمن میں تیار کردہ رپورٹ میں انکشاف کیا ہے ملک میں بجلی پیدا کرنے کے متبادل ذرائع تلاش کرنے کے سلسلہ میں ہوائی چکیوں سے بجلی پیدا کرنے کا 18 ہزار میگاواٹ کی استعداد کا حامل ماڈل منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ ملک میں صوبہ سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ہوائی چکیوں کی مدد سے 43 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی گنجائش موجود ہے تاہم مختلف مشکلات کے پیش نظر صرف 11 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی استعداد کو قابل عمل قرار دیا گیا ہے۔

| ربوہ میں طلوع وغروب 13۔اگست 2005ء | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:00 |
| طلوع آفتاب | 5:29 |
| زوال آفتاب | 12:13 |
| غروب آفتاب | 6:57 |

## درستی نام

مکرم مبارک احمد شاہد صاحب ولد مکرم شیخ نذیر احمد صاحب مکان نمبر 75/B دارالصدر شرقی الف صدر انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کا نام بعض دستاویزات میں غلطی سے مبارک احمد شاہد کی بجائے شیخ مبارک احمد لکھا گیا ہے۔ لہٰذا آئندہ مجھے میرے اصل نام مبارک احمد شاہد کے نام سے لکھا اور پکارا جائے۔

ضرورت خادمہ
بچوں کی دیکھ بھال اور گھریلو کام کیلئے ایک خادمہ
تنخواہ -/3000 روپے ماہانہ۔ خاوند کو بھی -/5000 روپے تک کا کام مل سکتا ہے۔
برائے رابطہ: عبدالوحید ملک
پوسٹ بکس نمبر 18۔جہلم
فون: 0544-646580
0544-649582

پلاٹ برائے فروخت
رقبہ ایک کنال سکنی پلاٹ نمبر 21/5 یونیورسٹی روڈ محلہ دارالعلوم غربی حلقہ صادق۔ رابطہ محمد حبیب اللہ غالب
فون: 047-6211206-047-6212145
0304-3201454

احمد اسٹیٹ اینڈ بلڈرز
لاہور شہر میں واقع تمام سوسائٹیوں میں پلاٹس کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
رابطہ: 30 فرسٹ فلور 2-25E مارکیٹ واپڈا ٹاؤن لاہور
پروپرائٹرز: ندیم احمد۔ موبائل: 0333-4315502
042-5188844

Best Return of your Money
انصاف کلاتھ ہاؤس
ریلوے روڈ۔ ربوہ فون شوروم 04524-213961

زرعی و سکنی جائیداد کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
الحمد پراپرٹی سینٹر
اقصیٰ روڈ ربوہ
Mob: 0320-4893942
مالک غلام یٰسین۔ محمد نواز احمد بیگ
دوکان: 04524-214681
رہائش 04524-214228-213051

طارق ماربل سٹور
ماربل کے خوبصورت کتبہ جات اور قبروں کے لئے تیار ماربل رعایتی قیمت پر دستیاب ہے
طالب دعا: طارق احمد
موبائل: 0300-7713393
یادگار چوک ربوہ فون رہائش: 047-6213393

چاندی میں الیس اللہ کی انگوٹھیوں کی قیمتوں میں حیرت انگیز کمی
فرحت علی جیولرز اینڈ زری ہاؤس
یادگار روڈ ربوہ فون: 04524-213158

خوشخبری
اب کراچی میں ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ کی مفید مجرب ادویات آپ کو مل سکتی ہیں
ایڈریس: عطاء الرحمٰن F 64/1 مارٹن کوارٹر نزد بیت الحمد مارٹن روڈ (جمشید روڈ) کراچی
فون 021-4122323

پریمیئر ایکسچینج کمپنی، بی، پرائیویٹ لمیٹڈ
ڈالر، سٹرلنگ پاؤنڈ، یورو، کینیڈین ڈالر و دیگر فارن کرنسی کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
بوٹا مارکیٹ نزد نسیم جیولرز اقصیٰ روڈ ربوہ (دکان گلی کے اندر ہے)
فون: 04524-212974-215068

1924ء سے خدمت میں مصروف
راجپوت سائیکل ورکس
ہر قسم کی سائیکل، ان کے حصے، بے بی کار، پرام سوکڑ واکرز وغیرہ دستیاب ہیں۔
پروپرائٹرز: نصیر احمد راجپوت۔ منیر احمد اظہر راجپوت
محبوب عالم اینڈ سنز
24۔ نیلا گنبد لاہور فون نمبر: 7237516